# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 17 January-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۷ر جنوری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ مرکزی ملازمین کیلئے آٹھواں پے کمیشن قائم کرنے کا مرکزی کابینہ کا فیصلہ۔

☆ تمام سرکاری خدمات کو موبائل پر دستیاب کروانے کیلئے علیحدہ نظام تیار کرنے کی وزیرِ اعلیٰ کی ہدایت۔

☆ اجنتا۔ ایلورہ فلم فیسٹیول تخلیقی صلاحیتوں کو پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔ مرکزی اطلاعات ونشریات کے سکریٹری سنجے جاجو کا اظہارِ خیال۔

☆ ہنگولی ضلعے کے سارنگ واڑی میں سبزیوں کا مہا پرساد لینے کیلئے عقیدت مندوں کا ہجوم۔

اور۔۔۔☆ ناندیڑ میڈیکل فاؤنڈیشن کے خدمات ایوارڈ کیلئے ''شوبھنکروتی فاؤنڈیشن'' کا انتخاب۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

مرکزی ملازمین اور وظیفہ یاب ملازمین کیلئے آٹھواں اُجرتی کمیشن قائم کرنے کا فیصلہ مرکزی کابینہ نے کیا ہے۔ اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر اشونی وَیشنو نے کل کابینی اجلاس کے بعد ذرائع ابلاغ سے بات کرتے ہوئے یہ جانکاری دی۔ وَیشنو نے بتایا کہ ساتویں اُجرتی کمیشن کی مدت 2026 میں ختم ہوگی اور آٹھویں پے کمیشن کے قیام سے اس کمیشن کی سفارشات کے حصول کیلئے مناسب وقت فراہم ہوگا۔ انہوں نے کہا...

***''کیندر سرکار کے سبھی کرمچاریوں کیلئے ایٹ پے کمیشن کو منظوری دے دی ہے۔ پردھان منتری جی نے ایک ریگیولر رِدَم کے ساتھ پے کمیشن بنانے کا جو سنکلپ لیا ہے اس کے حساب سے 2016 میں سیونتھ پے کمیشن اسٹارٹ ہوا تھا تو 2026 میں اس کا ٹرم کمپلیٹ ہوتا ہے۔''***

***** ***** *****

76 ویں یوم جمہوریہ کی مرکزی تقریب میں انڈونیشیا کے صدر پربووُسوبیانتو کو بطورِ مہمانِ خصوصی مدعو کیا گیا ہے۔ وہ 25 اور 26 جنوری کو بھارت کا دورہ کریں گے۔ گزشتہ سال صدارتی عہدہ سنبھالنے کے بعد یہ ان کا پہلا بھارت کا دورہ ہے۔

***** ***** *****

بھارتی خلائی تحقیقی ادارے۔ اسرو نے خلائی ڈاکنگ تجربے کے تحت خلا میں سیٹلائٹس جوڑنے کا تاریخی کارنامہ کامیابی کے ساتھ مکمل کرلیا ہے۔ سماجی رابطوں پر اسرو نے یہ اعلان کیا۔ اس ٹیکنالوجی میں کامیابی حاصل کرنے والا بھارت دنیا کا چوتھا ملک بن گیا ہے۔

***** ***** *****

ریاست کے شہریوں کو بذریعۂ موبائل فون زیادہ سے زیادہ سرکاری خدمات فراہم کرنے کیلئے ایک آن لائن نظام تیار کرنے کی ہدایات وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے دی ہیں۔ گزشتہ روز ریاستی مجلسِ وزرا کے اجلاس سے وزیرِ اعلیٰ خطاب کر رہے تھے۔ ریاست کے مختلف محکموں کی 969 خدمات میں سے 536 خدمات ''آپلے سرکار پورٹل'' پر اور 90 خدمات متعلقہ محکموں کے پورٹلز پر دستیاب ہیں۔ بقیہ 343 سرکاری خدمات کو آپلے سرکار پورٹل پر دستیاب کرانے کی ہدایات وزیر اعلیٰ نے جاری کیں۔

***** ***** *****

وزیر اعلی دیویندر پھڑنویس نے ریاست میں انوویشن سٹی قائم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ کل ممبئی میں باندرہ۔کرلا کمپلیکس میں واقع جیو ورلڈ سینٹر میں ''قومی اسٹارٹ اپ دِن'' پروگرام کا افتتاح اے آئی ٹیکنالوجی کے ذریعے وزیر اعلیٰ نے شمع روشن کرکے کیا۔ اس موقعے پر خطاب کرتے ہوئے انھوں نے بتایا کہ ریاست میں گفٹ سٹی کی طرز پر انوویشن سٹی تیار کی جائے گی۔ پوری رفتار کے ساتھ انوویشن سٹی قائم کرنے کا عزم بھی وزیرِ اعلیٰ نے ظاہر کیا۔

***** ***** *****

وزیرِ محصول چندر شیکھر باونکولے نے ریاست کے تمام تحصیلداروں کو کھیت کی اراضیات کے حصول کے بارے میں فیصلہ لینے کیلئے رہنما خطوط جاری کرنے کی ہدایت دی ہے۔ گزشتہ روز منترالیہ میں منعقدہ اجلاس سے وہ خطاب کر رہے تھے۔ حکومت نے کھیتوں کے راستوں کی درجہ بندی کی ہے۔ اس کے مطابق موجودہ کھیت راستوں کو نمبر دینے کی ہدایت باونکولے نے دی۔

***** ***** *****

سماجی انصاف کے ریاستی وزیر سنجے شرساٹ سے سڈکو کے صدارتی عہدے کی ذمہ داریاں واپس لے لی گئی ہیں۔ ریاستی کابینہ میں شرساٹ کی شمولیت کو مدِ نظر رکھ کر یہ فیصلہ کرنے کی وضاحت حکومتی فیصلے میں کی گئی ہے۔

***** ***** *****

مرکزی وزارتِ اطلاعات ونشریات کے سکریٹری سنجے جاجو نے کہا ہے کہ اجنتا۔ ایلورہ فلم فیسٹیول سے تخلیقی صلاحیتوں کو ایک پلیٹ فارم فراہم ہو رہا ہے۔ وہ کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں دسویں اجنتا۔ ایلورہ بین الاقوامی فلم فیسٹیول سے خطاب کر رہے تھے۔ اس سے قبل فیسٹیول کمیٹی کی جانب سے جاجو کا استقبال کیا گیا۔ ایم جی ایم یونیورسٹی کے شعبۂ صحافت کے طلباء کا تیار کردہ فیسٹیول کے خصوصی جریدے کا اجرا جاجو کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ کل، فیسٹیول کے دوسرے دن، ماسٹر کلاس سیشن میں مشہور فلم ہدایت کار و کہانی نویس تگما نشو دھولیا اور آشتوتوش گواریکر کا خصوصی انٹرویو کیا گیا۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

دریں اثناء آج سے ایم جی ایم یونیورسٹی کے شارنگ دیو فیسٹیول کا آغاز ہو رہا ہے۔ مہاگامی ادارے کی جانب سے منعقدہ اس سہ روزہ فیسٹیول میں روزانہ شام چھ بجے اس سال جیوتی ہیگڑے کا ساز، دس اوتاروں کا تجربہ، سکھد منڈے اور ان کے گروپ کا پکھواج، مشہور گلوکار بھونیش کومکلی کی خیال گلوکاری، اور روزانہ صبح دس بجے شارنگ دیو پر ایک ورکشاپ کا انعقاد کیا جائے گا۔ فیسٹیول میں شارنگ دیو سے متعلق یادگاروں کی نمائش بھی رکھی گئی ہے۔ اس میلے کا یہ 16 واں سال ہے۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلعے کے اونڈھا ناگناتھ تعلقے کی سارنگ واڑی میں واقع پہاڑی پر مکر سنکرانت تہوار کے تیسرے دن سبزیوں کے مہا پرساد کا اہتمام کیا جاتا ہے۔اس تاریخی یاترا میں کل عقیدت مندوں کی بھیڑ دیکھی گئی اور تقریباً ڈیڑھ لاکھ عقیدت مندوں نے اس مہا پرساد سے استفادہ کرنے کی اطلاع ہمارے نمائندے نے دی ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ میڈیکل فاؤنڈیشن کا خدمات ایوارڈ سماجی تنظیم شبھنکر وتی فاؤنڈیشن کو دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔کل فاؤنڈیشن کے ایوارڈز کا اعلان کیا گیا۔ پرمیلا تائی بھالے راؤ خدمات ایوارڈ کیلئے ڈاکٹر سُجا تا جوشی پاٹو دیکر کا انتخاب کیا گیا ہے۔ یہ ایوارڈ نقد رقم اور مومنٹو پر مشتمل ہے اور آئندہ 22 تاریخ کو یہ ایوارڈ تفویض کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

بیڑ میں مہاریشم مہم کے تحت تصویری رتھ کو رہائشی نائب ضلع کلکٹر شیو کمار سوامی نے ہری جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ یہ مہم آئندہ ماہ نو فروری تک جاری رہے گی۔

***** ***** *****

ڈویژنل کمشنر دلیپ گاوَڑے نے کہا ہے کہ چھترپتی سمبھا جی نگر ضلعے میں جاری بڑی سرمایہ کاری کے بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کے نفاذ اور اس کی پیش رفت کی منصوبہ بندی کرنا اور اس کا جائزہ لینا ضروری ہے۔ وہ گذشتہ روز منعقدہ تربیتی ورکشاپ سے خطاب کر رہے تھے۔اس تربیتی کیمپ میں ضلع کے مختلف محکموں کے 120 افسران و ملازمین نے حصہ لیا۔

***** ***** *****

لاتور ضلع انتظامیہ کی جانب سے خانہ بدوش قبائل کے افراد کو ان کے گھر جا کر سرکاری اسکیمات کا فائدہ پہنچایا جا رہا ہے۔اس مہم کی چھترپتی سمبھا جی نگر ڈویژن کے ریاستی عوامی حقوقِ خدمات شعبہ کے کمشنر ڈاکٹر کِرن جادھو نے ستائش کی ہے۔انھوں نے کہا کہ یہ مہم انتظامیہ کے حساس ہونے کی بہترین مثال ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیو کے حضرت شمس الدین غازی رحمتہ اللہ علیہ کے 720 ویں عرس مبارک کے موقعے پر کل ضلع کلکٹر ڈاکٹر سچن اومباسے کی خصوصی موجودگی میں جلوسِ صندل نکالا گیا۔اس موقع پر محفلِ سماع، مشاعرہ جیسے مختلف مذہبی و ثقافتی پروگراموں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر میں ریاستی سطح کے مِنی سَرس 2025 خواتین بچت گٹ کی تیار کردہ اشیا کی نمائش کا ضلع کلکٹر دلیپ سوامی کے ہاتھوں افتتاح عمل میں آیا۔اس نمائش میں 12 اضلاع کے خواتین بچت گٹ شامل ہوئے ہیں۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے میں گذشتہ پندرہ دنوں میں بقایہ بجلی بل ادا نہ کرنے والے 948 بجلی صارفین کا بجلی کنکشن منقطع کر دیا گیا ہے۔ضلعے میں بجلی بلوں کے بقایہ جات کی رقم 360 کروڑ سے تجاوز کر چکی ہے، جس کی وجہ سے یہ کارروائی کیے جانے کی اطلاع کمپنی کی جانب سے دی گئی ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ لوک سبھا ضمنی انتخاب اور اسمبلی کے عام انتخابات میں تربیت اور دیگر انتخابی کاموں کیلئے مدد کرنے والے ناگارجن پبلک اسکول کے ملازمین کا کل ضلع کلکٹر کے ذریعے استقبال کیا گیا۔ اس اسکول کے توسط سے کی گئی مدد کیلئے اسکول کو سرٹیفکیٹ سے بھی نوازا گیا۔

***** ***** *****

تحفظِ مراٹھی زبان پندھرواڑے کے تحت پربھنی ضلع لائبریری افسر کے دفتر میں کتابی نمائش کا افتتاح کہانی نویس راجندر گھاڑ کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ یہ کتابی نمائش آئندہ 28 جنوری تک جاری رہے گی۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

- ☆ مرکزی ملازمین کیلئے آٹھواں پے کمیشن قائم کرنے کا مرکزی کابینہ کا فیصلہ۔
- ☆ تمام سرکاری خدمات کو موبائل پر دستیاب کروانے کیلئے علیحدہ نظام تیار کرنے کی وزیرِ اعلیٰ کی ہدایت۔
- ☆ اجنتا۔ ایلورہ فلم فیسٹیول تخلیقی صلاحیتوں کو پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔ مرکزی اطلاعات ونشریات کے سکریٹری سنجے جاجو کا اظہارِ خیال۔
- ☆ ہنگولی ضلعے کے سارنگ واڑی میں سبزیوں کا مہاپرساد لینے کیلئے عقیدت مندوں کا ہجوم۔
- اور۔۔۔☆ ناندیڑ میڈیکل فاؤنڈیشن کے خدمات ایوارڈ کیلئے ''شوبھنکروتی فاؤنڈیشن'' کا انتخاب۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****